NYS OTDA – SNAP EA BENEFITS
40 N. Pearl Street – 9th Floor
Albany, NY 12243

SNAP ایمرجنسی الاٹمنٹس کا اختتام ہو رہا ہے

فروری 2023

اہم اعلان – SNAP کی ایمرجنسی سپلیمینٹس **فروری 2023 میں ختم ہو رہی ہیں۔**

SNAP کے اضافی ایمرجنسی الاٹمنٹ (EA) فوائد کیا ہیں؟

مارچ 2020 کے بعد سے کانگریس نے COVID-19 کی وجہ سے پیدا ہونے والی عوامی صحت کی ہنگامی صورتحال کی بناء پر SNAP کے فوائد میں عارضی طور پر اضافہ کیا تھا۔ اضافی EA SNAP فوائد گھرانوں کو ان کی عمومی ماہانہ SNAP فائدے کی رقم کے ساتھ اضافی طور پر جاری کیے گئے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ہر مہینے اس سے زیادہ SNAP فوائد مل رہے ہیں جن کے آپ عمومی طور پر اپنی آمدنی اور اخراجات کی بنیاد پر اہل تھے۔

اضافی EA SNAP فوائد کیوں ختم ہو رہے ہیں؟

چونکہ COVID-19 کی صورتحال میں بہتری آئی ہے، چنانچہ اضافی EA فوائد اب SNAP گھرانوں کو مزید جاری نہیں کیے جائیں گے۔ آپ کے SNAP فوائد **مارچ 2023** سے عام رقم پر بحال ہو جائیں گے۔ ریاست نیویارک کا دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت (OTDA) اور آپ کی مقامی سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کو اس تبدیلی پر کوئی کنٹرول حاصل **نہیں** ہے۔

کیا میرے ماہانہ SNAP فائدے کی رقم تبدیل ہوگی؟

1 مارچ، 2023 سے SNAP گھرانوں کو اضافی EA SNAP فوائد **اب مزید نہیں** ملیں گے۔ اس کے نتیجے میں تمام SNAP گھرانوں کو اپنے ماہانہ مجموعی فائدے کی رقم میں تبدیلیاں نظر آئیں گی۔ آپ کے عام SNAP فائدے کی رقم کا حساب آپ کے گھر کی مخصوص معلومات استعمال کرکے لگایا جاتا ہے (مثال کے طور پر، گھرانے کا سائز، آمدنی، اور دیگر عوامل)۔

مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ مراسلہ آپ کو یہ اطلاع دینے کے لئے ہے کہ اضافی EA SNAP فوائد **مارچ 2023** کے بعد سے اب مزید جاری نہیں کیے جائیں گے۔ آپ جب تک اہل رہیں گے تب تک آپ کو اپنا عمومی SNAP فائدہ ملتا رہے گا۔ جب آپ کو دوبارہ تصدیق کی ضرورت ہوگی، تو ہم آپ کو ایک اور نوٹس بھیجیں گے جس میں ہدایات ہوں گی کہ یہ کام کیسے کرنا ہے۔ وہ گھرانے جنہیں حال ہی میں آمدنی کے نقصان یا اخراجات میں اضافے کا تجربہ ہوا ہے، مثلاً پناہ گاہ کے اخراجات، بچوں کی دیکھ بھال کی فیس، بچوں کی معاونت والی ادائیگیاں یا (60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد، یا معذور افراد کے لئے) قابلِ اجازت طبی اخراجات، وہ اپنے مقامی ڈسٹرکٹ آفس میں ان تبدیلیوں کی اطلاع دے سکتے ہیں جس کے نتیجے میں **ممکن ہے** اس گھرانے کے عام ماہانہ SNAP فائدے میں اضافہ کر دیا جائے۔

آپ اپنے گھرانے کے SNAP فائدے کا بیلنس یہاں چیک کر سکتے ہیں www.connectebt.com یا **1-888-328-6399** پر کال کریں۔

اگر آپ کو خوراک کی مد میں مزید مدد درکار ہے، تو براہ کرم www.coronavirus.health.ny.gov/food-pantries پر جا کر اپنے علاقے کے پکوان مراکز کے پتے تلاش کریں۔

اضافی EA SNAP فوائد کے بارے میں مزید معلومات کے لئے otda.ny.gov/EA-SNAP ملاحظہ کریں یا **1-800-342-3009** پر کال کریں۔